MARKAZ-UL-IFTA
WAL IRSHAD
GHURFA TUS SALIKEEN
GULISTAN-E-JOHAR KARACHI

مرکز الافتاء و الارشاد
غرفۃ السالکین، گلستان جوہر، کراچی

شادی شدہ عورت کا زنا کرنے سے نکاح ختم نہیں ہوتا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

میرا سوال یہ ہے کہ ایک شادی شدہ عورت غیر مرد کے ساتھ ہمبستری کرے تو کیا وہ اپنے خاوند کے نکاح میں برقرار رہے گی یا نہیں؟

مستفتیہ: ایک سائلہ

****

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامدا و مصليا

واضح رہے کہ زنا کرنا بہت بڑا گناہ ہے، زانی کے بارے میں قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں بہت سخت وعیدیں آئی ہیں، چنانچہ سنن ابی داوٗد میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ذکر کیا گیا ہے، جس کا مفہوم ہے کہ جو شخص بھی نکاح کے بعد زنا کرے اس کو اس وقت تک پتھر مارے جائیں جب تک اس کی جان نہ نکل جائے۔

لہذا ایسے شخص کو چاہئے کہ اپنے اس جرم عظیم پر ندامت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے معافی طلب کرے البتہ اگر شادی شدہ عورت یا مرد زنا کرے تو اس سے ان کے نکاح پر اثر نہیں پڑتا، البتہ زنا کرنا سخت گناہ ہے اور اگر شادی شدہ یہ جرم کرے تو اس سے مزید شدت بڑھ جاتی ہے، اگر گواہوں سے یہ جرم شادی شدہ سے ثابت ہو جائے تو اسلامی حکومت ایسے زانی مرد و عورت پہ رجم کی حد نافذ کرے گی

كما في احكام القرآن (393/3) مط: قديمى كتب خانه:

ومن الدليل على أن زناها لا يوجب الفرقة أن الله تعالى حكم فى القاذف لزوجته باللعان ثم بالتفريق بينهما، فلو كان وجود الزنا منها يوجب الفرقة لوجب ايقاع الفرقة بقذفه اياها لا اعترافه بما يوجب الفرقة.

وفى الجامع لاحكام القرآن (12،11/153) مط: رشيدية:

واذا زنت زوجة الرجل لم يفسد النكاح، واذا زنى الزوج لم يفسد نكاحه مع زوجته.

وفى رد المحتار (142/4) مط: رشيدية:

قال في البحر: لو تزوج بامرأة الغير عالما بذلك ودخل بها لا تجب العدة عليها حتى لا يحرم على الزوج وطؤها، وبه يفتى، لأنه زنى والمزنى بها لا تحرم على زوجها.

وفى النهر الفائق (189/2) مط: امدادية:

ولذا لو زنا بامرأة رجل لم تحرم عليه، وجاز له وطؤها عقب الزنا.

وفى روح المعانى (18،17/291) مط: رشيدية:

وذهب قوم الى أن حرمة التزوج بالزانية أو من الزانى ان لم تظهر توبة من الزنا باقية الى الآن، وعندهم أنه ان زنى أحد الزوجين يفسد النكاح بينهما، وقال بعضهم: لا ينفسخ.

غرفۃ السالکین
گلستان جوہر کراچی

Scanned with CamScanner

وفی البحر الرائق(188/3)مط:فاروقية:

بدليل الحديث أن رجلااتی النبیﷺفقال:یارسول الله ان امرأتی لاتدفع یدلامس فقال علیه السلام:طلقهافقال:انی احبهاوهی جميلة فقال عليه السلام:استمتع بها.

وفی الهندية(516/1)مط:رشيدية:

اذاالتعنافرق الحاكم بينهماولاتقع الفرقة حتی يقضی بالفرقة علی الزوج فيفارقهابالطلاق فان امتنع فرق القاضی بينهماوقبل ان يفرق الحاكم لاتقع الفرقة والزوجية قائمة يقع طلاق الزوج عليها.

وفی الجوهرة النيرة(237/2)مط:رحمانية:

قوله(فاذاالتعنافرق الحاكم بينهما)ولاتقع الفرقة،حتی يقضی بالفرقة علی الزوج ،فيفارقهابالطلاق ،فان امتنع من ذلک فرق القاضی بينهماوقبل ان يفرق الحاكم لاتقع الفرقة والزوجية قائمة يقع طلاق الزوج عليها.

وفی بدائع الصنائع(390/3)مط:رشيدية:

فان أكذب الزوج نفسه فجلدالحد،أوكذبت المرأةنفسهابأن صدقته جاز النكاح بينهماويجتمعان.

وفی المبسوط للامام السرخسی(51/7،8)مط:رشيدية:

(قال)(ولوفرغامن اللعان فلم يفرق بينهماحتی مات احدهماتوارثا)لأن الفرقة عندنالاتقع الابقضاء القاضی،فانماانتهی النكاح بينهمابالموت.

الجواب صحیح
بندہ محمد نعیم عفااللہ عنہ
۱۷/صفر/۱۴۴۳ھ
25/ستمبر/2021ء
مرکز الافتاء والارشاد
مفتی
غرفة السالکین کراچی

الجواب صحیح
بندہ محمد یوسف عباس عفااللہ عنہ
۱۷/صفر/۱۴۴۳ھ
25/ستمبر/2021ء
مرکز الافتاء والارشاد
نائب مفتی
غرفة السالکین کراچی

الجواب صحیح
فرحان فیروز
بندہ محمد فرحان عفااللہ عنہ
۱۷/صفر/۱۴۴۳ھ
25/ستمبر/2021ء

واللہ اعلم بالصواب
بندہ محمد خزیمہ غفرلہ ولوالدیہ
مرکز الافتاء والارشاد غرفة السالکین کراچی
۱۷/صفر/۱۴۴۳ھ
25/ستمبر/2021ء
مرکز الافتاء والارشاد

حوالہ نمبر: ۱۱/۷۵
مؤرخہ: ۱۸/۲/۴۳ھ

Scanned with CamScanner